# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 20 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 20/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

:::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے مہایوتی اور مہاوکاس آگھاڑی کی تشکیل محاذ میں تیزی۔

☆ سی۔وِجل ایپ پر ریاست بھر سے شکایات کا سلسلہ تیز۔انتخابی کمیشن کی جانب سے 98/فیصد شکایات کا ازالہ۔

☆ بی جے پی کی قومی سیکریٹری وجیہ راہٹکر' قومی کمیشن برائے خواتین کی سربراہ نامزد۔

☆ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی 5/زرعی نسلوں کی قومی گزٹ میں شمولیت۔

اور۔۔☆ ریاست کے بیشتر مقامات پر زوردار بارش۔فصلوں اور دیگر نقصانات کے فوری پنچناموں کا وزیراعلیٰ کا حکم۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے مہایوتی اور مہاوکاس آگھاڑی کی تشکیل محاذ کی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے۔مہایوتی کے رہنما اور وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے بتایا کہ مہایوتی کی رکن جماعتوں کے درمیان محض 30 تا 35 نشستوں کے سلسلے میں اتفاق باقی ہے۔آئندہ ایک دو دنوں میں نشستوں کی تقسیم سے متعلق اعلان کر دیا جائیگا۔وہ کل نئی دہلی میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔نائب وزیراعلیٰ اور بی جے پی رہنما دیویندر پھڑنویس نے بتایا کہ بی جے پی امیدواروں کی فہرست عنقریب جاری کریگی۔علاوہ ازیں جن نشستوں کی تقسیم سے متعلق فیصلہ ہو جائے ان پر امیدواروں کے ناموں کا مہایوتی کی رکن جماعتیں بہت جلد اعلان کریں گی۔

خبر رساں ادارے سے جاری کردہ تجزیہ کے مطابق ریاست کی کل 288 اسمبلی نشستوں میں سے بی جے پی 150، شیوسینا 87 تا 90 اور راشٹروادی کانگریس پارٹی 50/نشستوں پر الیکشن لڑنے کی خواہشمند ہیں۔

***** **** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی امور کے ذمہ دار رمیش چینی تھلہ نے کہا ہے کہ مہاوکاس آگھاڑی کے رکن جماعتوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے اور تینوں جماعتیں متحد ہو کر الیکشن لڑیں گی۔آئندہ ۲/تین دنوں میں نشستوں کی تقسیم پر گفت وشنید مکمل ہو جائیگی۔ممبئی میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں مہاوکاس آگھاڑی ہی ہمارا چہرہ ہوگا اور متحد ہو کر ہی بی جے پی کو شکست دیں گے۔انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ مہاوکاس آگھاڑی ہی حکومت بنائے گی۔

اس سے قبل چینی تھلہ نے سابق وزیر اعلیٰ اُدھو ٹھاکرے کی رہائش گاہ پر جا کر ان سے ملاقات کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے بزرگ رہنما شرد پوار سے بھی ملاقات کی۔

کل ممبئی کے تلک بھون میں کانگریس کا ایک اجلاس بھی منعقد ہوا۔ جس میں چینی تھلہ کے علاوہ کانگریس رہنما باڑ اصاحب تھورات، قائد حزب اختلاف وجے وڈیٹی وار اور قانون ساز کونسل میں کانگریس کے قائد ستیج پاٹل نے بھی شرکت کی۔ اس ضمن میں کانگریس کے جاری کردہ ایک صحافتی بیان میں کہا گیا ہے کہ اس اجلاس میں انتخابات کے سلسلے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

***** **** *****

سابق وزیر اور راشٹروادی کانگریس کے رہنما راجندر شنگنے نے کل راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ پارٹی سربراہ شرد پوار کی موجودگی میں پارٹی کے ریاستی صدر جینت پاٹل نے ان کا پارٹی میں خیر مقدم کیا۔

***** **** *****

اسمبلی انتخابات کیلئے ونچت بہوجن آگھاڑی نے 16 / امیدواروں پر مبنی اپنی چوتھی فہرست جاری کر دی ہے۔ اس میں اورنگ آباد مغرب حلقے سے انجن ساڑوے، پیٹھن سے ارون گھوڑکے اور سلوڑ سے منوہر جگتاپ کو پارٹی نے نامزد کیا ہے۔

***** **** *****

اسمبلی انتخابات کیلئے ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے بعد 15 / تا 18 / اکتوبر کے عرصے میں ریاست بھر سے سی وِجل ایپ پر مجموعی طور پر 576 شکایات موصول ہوئی ہیں۔ جن میں 562 / شکایات کو انتخابی کمیشن کی جانب سے نمٹا دیا گیا ہے۔ اسی عرصے کے دوران ریاستی حکومت کے مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کی گئی کارروائیوں میں کروڑوں روپئے کی اشیاء ضبط کی گئی ہیں۔

***** **** *****

سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے کل اپنے دورہ دھولیہ کے دوران صحافیوں سے گفت وشنید میں کہا کہ مالیگاؤں اور دھولیہ کی نشستوں پر سماج وادی پارٹی الیکشن لڑے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ان دو نشستوں سمیت 12 / نشستوں کا مطالبہ ان کی پارٹی نے مہا وکاس آگھاڑی سے کیا ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا ہے کہ مہاوِکاس آگھاڑی میں نشستوں کی تقسیم پر گفت وشنید کامیاب ہوگی۔ حکومت کی لاڈکی بہن یوجنا اور دیگر اسکیموں پر انہوں نے سخت تنقید کی۔

***** **** *****

مراٹھواڑہ ریزرویشن کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے آج انتر والی میں مراٹھا سماج کا ایک اجلاس طلب کیا ہے۔ کل اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس اجلاس میں اسمبلی انتخابات لڑنے سے متعلق فیصلہ کیا جائیگا۔

***** **** *****

سامعین ۔اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں مختلف اسمبلی حلقوں کا جائزہ لینے والا پروگرام ''آڑھاوادھان سبھا متادار سنگھاچا'' کے عنوان سے روزانہ شام ۷؍بج کر ۱۰؍ منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔اس پروگرام میں آج ناسک ضلع کے اسمبلی حلقے کا جائزہ آپ سماعت کرسکیں گے۔

***** **** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

بھارتی جنتا پارٹی کی قومی سیکریٹری وجیہ راہٹکر کی قومی کمیشن برائے خواتین کا سربراہ نامزد کردیا گیا ہے۔اس عہدے پر نامزد ہونے والی وہ پہلی مراٹھی خاتون ہیں۔اس عہدے کو مرکزی مملکتی وزیر کا درجہ حاصل ہے۔2007 تا2010 کے دوران وجیہ راہٹکر چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی میئر رہ چکی ہیں۔قومی کمیشن برائے خواتین کا سربراہ نامزد کئے جانے پرانہوں نے مرکزی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس عہدے کی اپنی ذمہ داری پوری لگن کے ساتھ انجام دیں گی۔

***** **** *****

بزرگ صحافی اور مصنفہ انورادھا اورنگ آبادکر پرسوں شب پونا میں قلیل علالت کے بعد چل بسیں وہ86 برس کی تھیں۔1970 کی دہائی میں انہوں نے دیش دوت اخبار سے اپنے صحافتی سفر کا آغاز کیا تھا۔مختلف موضوعات پرانہوں نے90 کتابیں لکھی۔ان کی آخری رسومات کل پونا میں ادا کی گئی۔

***** **** *****

چھتیس گڑھ کے نکسل سرگرمیوں سے متاثر نارائن پور ضلع میں نکسلائٹس کی جانب سے کئے گئے باروی سرنگ دھماکے میں بھارت تبت سرحدی دستے کے دوفوجیوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کردیا۔جبکہ نارائن پور پولس اسٹیشن کے دو پولس اہلکار زخمی ہوئے۔

***** **** *****

مہاراشٹر اور اڑیسہ میں نکسل تحریک میں سرگرمیاں انجام دینے والے ایک نکسل جوڑے نے کل گڈچرولی پولس کے سامنے خودسپردگی کردی۔ان کا نام اسین راجارام عرف سوشانت اور انجو سوڑیا عرف جنیتا اشی بتایا جاتا ہے۔ان پر۸؍لاکھ روپئے کا انعام تھا۔

***** **** *****

ہریانہ کے کرنال کے قومی گندم وبارلی تحقیقاتی مرکز نے مرکزی حکومت کی جانب سے منظورشدہ13 ؍نئی نسلوں کی فصل کے تخم کی تقسیم کا آغاز کردیا ہے۔گندم کی یہ نئی اقسام زیادہ پیداوار دینے والی اور بیماریوں کے خلاف مزاحمت کرنے والی ہیں۔

***** **** *****

وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی پانچ فصلوں کی نئی اقسام کوقومی گزٹ میں شامل کرلیا ہے۔زراعت وکسان بہبود کی وزارت نے اس خصوص میں سرکاری حکمنامہ جاری کر دیا ہے۔یونیورسٹی کی ان نئے ایجاد کردہ نسلوں میں ہربھنی چنا16،سویابین ایم اے یو ایس 731،دیسی کپاس پی اے 833،امریکن کپاس کی ایچ 677،اورتل کی ٹی ایل ٹی۔10/قسم شامل ہے۔

***** **** *****

ریاست کےمختلف مقامات پرکل زوردار بارش ہوئی۔بیڑضلع کےمتعدد مقامات پربھی موسلا دھار بارش ہوئی۔بیڑ تعلقے کے چرپاٹا گاؤں میں بادل پھٹنے کی طرح بارش ہوئی۔اسی دوران پرلی تعلقے کے سیلو میں بجلی گرنے سے مویشی کے ہلاک ہونے کی بھی اطلاع ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی کل زوردار بارش ہوئی۔تقریباً رات بھر بارش کا یہ سلسلہ جاری رہا۔پربھنی کے جنتورتعلقے کے یلدری ڈیم کے 10/دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔پورنا ندی میں 23ہزار700 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑاجارہا ہے۔

اسی دوران ریاست کےمختلف علاقوں میں گذشتہ چند دنوں میں ہوئی بارش بارش سے ہونے والےفصلوں کےاوردیگرنقصانات کے پنچنامے کرنے کی ہدایت وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے متعلقہ ضلع کلکٹرز کودی ہےاورانہیں حکم دیا ہے کہ متاثرین کوفوری معاوضہ بھی ادا کیاجائے۔

***** **** *****

بنگلورو میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین جاری پہلے کرکٹ ٹیسٹ میچ میں نیوزی لینڈ کومیچ جیتنے کے لئے 107/رن درکارہیں۔کل میچ کے چوتھے دن بھارت کی دوسری اننگ 462/رن پرختم ہوئی۔اس اننگ میں بھارت کی جانب سے سرفرازخان نے150اورریشبھ پنت نے99/رنوں کی شاندار اننگ کھیلی۔نیوزی لینڈ نے کل اپنی دوسری اننگ کا آغاز کیالیکن 4/گیندیں پھینکے جانے کے بعدہی کھیل روک دیا گیا۔تب تک نیوزی لینڈ کے بلے بازکوئی رن نہیں بنا سکے تھے۔

***** **** *****

:::::سرخیاں::::::

آخرمیں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بارپھر:

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے مہایوتی اورمہاوکاس آگھاڑی کی تشکیل محاذ میں تیزی۔

☆ سی۔وتجل ایپ پرریاست بھرسےشکایات کا سلسلہ تیز۔انتخابی کمیشن کی جانب سے 98/فیصد شکایات کاازالہ۔

☆ بی جے پی کی قومی سیکریٹری وجیہ راہٹکر،قومی کمیشن برائے خواتین کی سربراہ نامزد۔

☆ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی 5/زرعی نسلوں کی قومی گزٹ میں شمولیت۔

اور۔۔☆ ریاست کے بیشترمقامات پرزوردار بارش۔فصلوں اوردیگرنقصانات کےفوری پنچناموں کاوزیراعلیٰ کاحکم۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔